## 8191 ـ کیا مظلوم شخص کی میت کو بھی غسل دیا جائےگا ؟

### سوال

کیا ظلما قتل کیے جانے والے شخص کو بھی شھید کی طرح غسل نہیں دیا جائےگا اور اس نماز جنازہ نہیں پڑھی جائےگی، یا کہ اسے غسل دیا جائے گا اور اس کی نماز جنازہ پڑھائی جائےگی ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ظلم کے ساتھ قتل کیے جانے والے شخص کو غسل بھی دیا جائےگا اور اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائیگی، عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ مظلوم قتل کیےگئے، اور عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ کو بھی ظلم کےساتھ قتل کیا گیا، لیکن اس کے باوجود انہیں غسل بھی دیا گیا اور صحابہ کرام نے ان کا نماز جنازہ بھی ادا کیا، اور اسی طرح علی رضی اللہ تعالی عنہ بھی ظلم کےساتھ ہی قتل ہوئے اور انہیں بھی غسل دیا گیا اور نماز جنازہ پڑھی گئی .